# اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

IGI Life Vitality

**IGI Life Insurance Limited**

بذریعہ ہذانوٹس مطلع کیا جاتا ہے کہ آئی جی آئی لائف انشورنس لمیٹڈ (کمپنی) کا 26واں سالانہ اجلاسِ عام مورخہ 28 اپریل 2021 بروز بدھ بوقت 9:30 بجے صبح بذریعہ ویڈیو کانفرنس منعقد ہوگا۔ COVID-19 کے موجودہ بڑھتے ہوئے کیسز کے پیشِ نظر اور اس وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے کمپنی اپنا اجلاس صرف بذریعہ ویڈیو لنک ہی منعقد کرے گی۔ ممبران سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ مندرجہ ذیل نوٹس میں ذکر کردہ طریقے کے مطابق اجلاس میں بذریعہ ویڈیو کانفرنس شرکت کریں۔

اجلاس میں درجِ ذیل امور زیرِ بحث لائے جائیں گے:

**عمومی کارروائی**

1. مؤرخہ 21 مئی 2020 کو منعقد ہونے والے گزشتہ سالانہ اجلاس کے نکات کی توثیق۔
2. مؤرخہ 31 دسمبر 2020 کو ختم ہونے والے گزشتہ سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں مع چیئرمین رپورٹس، آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ کی وصولی، غور و خوض، اور منظوری۔
3. سال 2021 کے لیے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی (چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس) نے آڈیٹر کے طور پر تقرری کے لیے رضامندی ظاہر کی ہے اور بورڈ آف ڈائریکٹر نے ان کی تقرری کی سفارش کی ہے۔
4. چیئرمین کی اجازت سے کسی بھی دیگر امور کی انجام دہی۔

6 اپریل 2021
کراچی

بحکم بورڈ
کمپنی سیکریٹری

## 26ویں سالانہ اجلاسِ عام میں بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کرنے کی تفصیلات

ممبران کی خیروعافیت اور COVID-19 کی موجودہ صورتحال کے پیشِ نظر سالانہ اجلاسِ عام صرف بذریعہ ویڈیو لنک منعقد ہوگا۔ ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کرنے کے لیے ممبران ایپلیکیشن (Application) / سافٹ ویئر (Software) اس لنک سے https://zoom.us./download ڈاؤنلوڈ (Download) کریں۔ اور سالانہ اجلاسِ عام کی کارروائی میں بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کرنے لیے اس ایپلیکیشن میں Login کریں۔

وہ اراکین / پراکسیز جو بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کرنا چاہتے ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ "رجسٹریشن برائے آئی جی آئی لائف سالانہ اجلاسِ عام 2021" کے عنوان سے اپنا نام، فولیو نمبر اور شناختی کارڈ نمبر igilifeagm@igi.com.pk پر ای میل کردیں۔ جن اراکین / پراکسیز کی طرف سے ای میل مذکورہ بالا متعلقہ تفصیلات کے ساتھ دیے گئے ای میل ایڈریس پر مؤرخہ 26 اپریل 2021 شام 5 بجے سے پہلے موصول ہوں گی ان کو ویڈیو لنک اور اس میں شرکت کے حوالے سے متعلقہ تفصیلات فراہم کردی جائیں گی۔ اراکین کی جانب سے اجلاس کے ایجنڈا پر سوالات یا اظہارِ رائے کے لیے بھی اسی ای میل ایڈریس کو استعمال کیا جائے گا۔

سالانہ اجلاسِ عام کے دوران اگر حق رائے دہی استعمال کرنے کی ضرورت پیش آئے تو ممبران ویڈیو لنک کے ذریعہ فیمکو پورٹل :www.famco.com.pk/evoting.html پر Login ہو کر اپنا حق رائے دہی استعمال کر سکتے ہیں۔

**دیگر گزارشات:**

1. کمپنی کی حصص منتقلی کی کتب (Share transfer Book) مؤرخہ 21 اپریل 2021 سے 28 اپریل 2021 (دونوں دن شامل ہیں) تک بند رہیں گی۔
2. جو ممبران سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت اور حق رائے دہی استعمال کرنے کے اہل ہیں ان کو اپنی جانب سے کسی اور شخص کو اپنی جگہ اجلاس میں شرکت اور حق رائے دہی استعمال کرنے کے لیے نمائندہ (پراکسی) مقرر کرنے کی اجازت ہے۔ نمائندہ (پراکسی) کے لیے کمپنی کا رکن ہونا ضروری نہیں۔ اپنی طرف سے نمائندہ (پراکسی) مقرر کرنے والے رکن کی طرف سے مکمل پُر شدہ پراکسی فارم دستخط کے ساتھ کمپنی کے شیئر رجسٹرار، فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8 ایف، متصل ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی کو مقررہ اجلاس سے لازماً 48 گھنٹے قبل موصول ہوجانا ضروری ہے۔
3. وہ انفرادی (Beneficial Owner) جن کے اکاؤنٹ یا سب اکاؤنٹ سینٹرل ڈپازٹری کمپنی (CDC) میں ہوں اور وہ اجلاس میں اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کے مجاز ہوں وہ اپنا کمپیوٹرائزڈ یا اسمارٹ قومی شناختی کارڈ اپنی شناخت کے لیے ضرور فراہم کریں اور نمائندہ (پراکسی) مقرر کرنے کی صورت میں اس کے کمپیوٹرائزڈ یا اسمارٹ قومی شناختی کارڈ کی مصدقہ نقل فراہم کریں۔ کارپوریٹ ادارے کے نمائندگان (پراکسیز) کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹر کی قرارداد / پاور آف اٹارنی اور / یا S.E.C.P کی طرف سے اس مقصد کے لیے مؤرخہ 26 جنوری 2000 کو جاری کردہ اعلامیہ نمبر 1 کے مطابق مطلوب تمام ضروری دستاویزات کی مصدقہ نقول فراہم کرنا ضروری ہے۔
4. اراکین (نان سی ڈی سی) سے التماس ہے کہ اگر ان کے پتے میں کسی قسم کی تبدیلی ہو تو فوراً کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اس تبدیلی کی اطلاع کردیں اور اگر ممکن ہو تو اپنا ای میل ایڈریس بھی فراہم کردیں۔
5. کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 223 (7) کے تحت مالیاتی گوشوارے اور سالانہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ پر اپلوڈ کردی گئی ہیں اور اس کی رسائی http://igilife.com.pk/investor-relations/financial-reports/ کے ذریعے ممکن ہے۔ ممبران کو مزید مطلع کیا جاتا ہے کہ S.E.C.P کے ایس آر او 787(1)/2014 بتاریخ 8 دسمبر 2014 و کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت کمپنیز کو سالانہ رپورٹ بذریعہ ای میل فراہم کرنے کی اجازت دیدی گئی ہے۔ اس حوالے سے ہم نے درخواست فارم سالانہ رپورٹ کے ساتھ منسلک کردیا ہے اور مزید یہ کہ کمپنی کی ویب سائٹ http://igilife.com.pk/investor-relations/agm-related-forms/#1588198218774-0a90803a-a8bd پر بھی اپلوڈ کردیا گیا ہے۔ جو اراکین یہ سہولت حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ اپنا مکمل شدہ فارم شیئر رجسٹرار کو جمع کروادیں۔
6. مزید یہ کہ 31 مئی 2016 کے ایس آر او 470(I)/2016 کے تحت S.E.C.P نے کمپنیز کو اپنے ممبران / شیئر ہولڈرز کی رضامندی کی فراہمی اور کچھ دیگر شرائط کی تعمیل کے عوض اپنے رجسٹرڈ شدہ پتوں پر ہارڈ کاپیاں ترسیل کرنے کے بجائے CD/DVD/USB کے ذریعے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کی فراہمی کی اجازت دی ہے۔
7. کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 242 کے تحت لسٹڈ کمپنیز کے لیے ضروری ہے کہ وہ نقد منافع منقسمہ براہِ راست اپنے اہل حصص یافتگان کے مقررہ بینک اکاؤنٹس میں صرف بذریعہ برقی طریقہ کار منتقل کریں۔ اپنے منافع منقسمہ براہِ راست اپنے بینک اکاؤنٹ میں بذریعہ برقی طریقہ کار وصول کرنے کے لیے از راہ کرم منافع منقسمہ کا برقی کریڈٹ مینڈیٹ فارم پُر کریں۔ یہ فارم سالانہ رپورٹ کے ساتھ منسلک ہے اور ہماری ویب سائٹ www.igilife.com.pk پر بھی موجود ہے۔ اگر حصص CDC میں موجود ہیں تو مذکورہ بالا معلومات سے کمپنی کو باخبر رکھنے اور منتقل کرنے کے لیے براہ راست CDS کے شراکت داروں کو جمع کروائیں۔ اراکین کے اکاؤنٹ یا IBAN نمبر کی تفصیل غلط ہونے کی صورت میں کمپنی منافع منقسمہ کی رقم کو مذکورہ بالا معلومات فراہم ہونے تک اپنے پاس روکے رکھے گی۔
8. وہ حصص یافتگان جو کسی بھی وجہ سے اپنا منافع منقسمہ / فزیکل / بونس شیئر حاصل نہیں کرسکے ان سے گزارش کی جاتی ہے کہ اوپر ذکر کردہ شیئر رجسٹرار سے فوری رابطہ کریں۔
9. کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کی تعمیل کے تحت کسی بھی ایجنڈا آئٹم کے لیے کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 143 اور 144 کی ضرورت سے مشروط حصص یافتگان کو مذکورہ ضوابط میں شامل شرائط و ضوابط کے مطابق پوسٹل بیلٹ یعنی پوسٹ یا ای ووٹنگ (e-voting) کے ذریعے اپنا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔